रोल नं0 [ ]

मुद्रित पृष्ठों की संख्या : 4

**406 ( IAG )**

**106**

**2016**

# उर्दू

# اُردو

समय : 3 घण्टे

पूर्णांक : 100

''الف''

سوال نمبر۱:-درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھیئے اوراس سے متعلق سوالوں کے جواب دیجئے! 10

مسلمان جو یہاں آئے تھے وہ یہیں رہ پڑے۔اس دیش کوانہوں نے اپنا دیش سمجھا یہیں پیدا ہوئے یہیں جئے اور یہیں مرے۔یہیں کے حالات نے انہیں بادشاہ اور فقیر بنایا۔''انہوں نے بادشاہی بھی کی اور فقیری بھی'' بادشاہ بنکر انہوں نے یہیں کی زبان سے کام لیا اور فقیر بنکر بھی یہیں کی بولی بولے۔اس سلسلہ میں سب سے زیادہ اہم نام امیر خسروؔ کا ہے۔جو امیر بھی تھے فقیر بھی شاعر بھی تھے، گائک بھی بادشاہوں کے دوست بھی اور غریبوں کے یار بھی۔انہوں نے فارسی میں بہت سی کتابیں لکھیں جن سے ''ان کی ہندوستان سے محبت پھوٹ پڑتی ہے'' مگر انہوں نے یہاں کی بولی میں جو کچھ لکھا ہے وہ اس لئے بھی بھلایا نہیں جاسکتا کہ اس وقت اس بولی میں لکھنا عام بات نہیں تھی۔ان کی بہت سے پہلیاں، دوہے، گیت، اب بھی لوگوں کی زبان پر ہیں۔اس وقت تک اُردو کی کوئی خاص شکل نہیں بنی تھی۔اس لئے ان کی بولی کبھی کھڑی بولی ہندوستان سے مل جاتی ہے۔کبھی برج بھاشا سے اور کبھی کئی بولیاں ملی ہوتی ہیں۔بہر حال امیر خسروؔ کو ہندی والے اپنا کوی سمجھتے ہیں اور اُردو والے اپنا شاعر۔

(i) اس اقتباس کا عنوان تجویز کیجئے؟

(ii) ''بادشاہی بھی کی اور فقیری بھی'' اس لائین کا مطلب اپنے لفظوں میں لکھیئے؟

(iii) امیر خسروؔ کے وقت میں کس بولی میں لکھنا عام بات نہیں تھی؟

(iv) امیر خسرو کو ہندی والے اپنا کوی کس لئے سمجھتے ہیں؟

(v) اس پیراگراف کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیئے؟

سوال نمبر۲:-مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی پر کم از کم تین سو الفاظ کا مفہوم لکھیئے؟ 15

(i) قدرتی آفات اور اُتراکھنڈ؟

(ii) سائنس کی ترقی اور ہماری زندگی پر پڑنے والے اثرات؟

(iii) تعلیمی زندگی میں نظم و نسق کی اہمیت؟

(iv) ہمارا ملک اور ہماری ذمہ داری؟

(v) ''میڈے میل'' کے فائدہ اور نقصانات؟

سوال نمبر۳:-آپ کو شادی میں جانا ہے آپکے امتحان ہونے والے ہیں۔آپ اپنے پرنسپل کو ایک درخواست لکھیئے؟ 10

**یا**

. اپنے علاقہ میں پانی بھرنے اور گندگی کی وجہ سے بیماریوں کے پھیلانے کے خطرے سے واقف کرانے کے لئے مقامی اخبار کے ایڈیٹر کے نام ایک خط لکھیئے جس

میں متعلقہ حکام کی توجہ مبذول کرائی جائے۔

سوال نمبر۴:۔مندرجہ ذیل عبارت کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کیجئے؟ آپ کو اس پیراگراف سے کیا پیغام ملتا ہے۔ 10

کسی ویرانے میں ایک خدارسیدہ بزرگ رہتے تھے۔ وہ معمولی پھٹے پرانے کپڑے پہن کر زندگی گزارتے تھے۔ ایک دن اس جنگل سے جہاں وہ بزرگ رہتے تھے ایک شخص نے کُتّے کے بھونکنے کی آواز سنی۔ اُس نے اپنے دل میں کہا کہ یہاں کُتّا کہاں سے آگیا وہ دیکھنے کے لئے وہاں پہنچا۔ اِدھر اُدھر کہیں کتا نظر نہ آیا۔ سوائے بزرگ کے وہاں کوئی دکھائی نہ دیا اسے پوچھنے میں شرم آئی اور وہاں سے واپس ہونے لگا۔ بزرگ نے پاؤں کی آہٹ سن لی اور پکار کر کہا ''دروازے پر کیوں کھڑے ہو اندر آؤ تم کو حیرت ہو رہی ہے کہ یہاں کوئی کُتّا نہیں ہے''۔ تمہارے کانوں میں کتے کی آواز کہاں سے آئی۔ چونکہ خدائے تعالیٰ غرور سے نفرت کرتا ہے اور انکساری کو پسند کرتا ہے۔ اس لئے میں نے اپنے سر سے غرور کے بوجھ کو اُتار پھینکا اور خدا کے دروازے پر کُتّے کی طرح گڑگڑانے لگا کیونکہ کُتّے سے زیادہ عاجز مجھے اور کوئی نظر نہ آیا۔ اگر تم چاہتے ہو کہ بلندی پر پہونچوں تو اس کے لئے عاجزی کے زینے کو اپناؤ۔ جو سر اُٹھائے رہتے ہیں وہ زمین پر گرتے ہیں اور جس کا سر شبنم کی طرح زمین پر رہتا ہے وہ ستاروں کی طرح بلندی پر پہنچ جاتے ہیں۔

سوال نمبر۵ (الف):۔مندرجہ ذیل محاورات کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔ اور معنیٰ بھی لکھیے۔ کسی دو محاوروں کے؟ 10

(i) نو دو گیارہ ہونا۔

(ii) آستین کا سانپ ہونا۔

(iii) آنکھوں سے اوجھل ہونا۔

سوال نمبر۵ (ب) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی دو الفاظ کے معنی لکھیے اور متضاد الفاظ بھی لکھیے؟ 2+2=(4)

ظلمت، خلوت، پوشیدہ، قدیم، گمنام

سوال نمبر۵ (ت) مندرجہ ذیل جمع کے واحد لکھیے کسی دو کے؟ 1+1=(2)

جنگلات، عمارات، لڑکیاں، کتابیں

سوال نمبر۶:۔مہم برائے تعلیم نسواں کے تحت اپنے کالج سے نکالی گئی ریلی کو کامیاب بنانے کے لئے پانچ جوشیلے نعرے تیار کیجئے؟ 5

## (ب)

سوال نمبر۷:۔مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیئے اور دئے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیے؟ 7

(الف) سیّد کو جنگل میں ایک خاص بات یہاں کی بوباس میں معلوم ہوئی، انہوں نے محسوس کیا کہ یہاں کی پوری فضا میں ایک انوکھی مہک بسی ہوئی ہے ایک ایسی بھینی مہک جو عطر کی طرح تیز نہ ہونے پر بھی فرحت و تازگی کا احساس دلاتی، روح کی گہرائیوں میں اُترتی جارہی ہے۔ سیّد نے دیکھا کے جنگل میں جہاں تہاں خودروح پودے اُگے ہوئے ہیں۔ جن میں سے بیشتر پھلوں سے لدے پڑے ہیں۔ خودرو پودوں کی طرح اس وقت بہت سے بڑے بڑے پیڑ بھی بہار پر تھے۔ اور ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں شہد کی مکھیاں پیڑ پودوں کے گرد منڈراتی اور پھولوں پر بیٹھتی اُڑتی دکھائی دے رہی تھیں۔ سیّد کو اس وقت اپنی درسی کتاب کے ایک سبق کا خیال آگیا جس میں بڑی تفصیل سے شہد کی مکھیوں کی کہانی بتائی گئی تھی۔ لیکن یہ وقت بیتی باتوں کو یاد کرنے یا کسی ایک چیز پر توجہ قائم رکھنے کے لئے موزوں نہ تھا۔ اس لئے انہوں نے اپنی نظریں پھلوں اور شہد کی مکھیوں سے ہٹالی اور ایک بار پھر گردن گھما۔ گھما کر جنگل کا جائزہ لینا شروع کر دیا۔

(i) سیّد نے جنگل میں کیسے بو باس محسوس کی؟ 2

(ii) شہد کی مکھیاں کن پیڑوں کے گرد منڈلا رہی تھیں؟ 1½

(iii) فرحت و تازگی کا احساس دلاتی۔ روح کی گہرائیوں میں اُترتی جا رہی ہے؟ 2

اس لائن کا مطلب واضح کیجئے؟

(iv) ان الفاظ کے معنی لکھیے اور جملوں میں استعمال کیجئے؟ 1½

(i) خودرو پودے اُگے ہوئے ہیں۔

(ii) انوکھی مہک۔

(iii) فرحت وتازگی کا احساس دلاتی۔

**یا**

(ب) تین مور ابھی پانی تک پہونچے نہ تھے کہ ایک چوتھا مور بھی اُن میں آملا۔ یہ لمبی دم والا نر مور تھا جو قریب کے ایک پیڑ پر بیٹھا ہوا تھا اُس نے زمین پر اُترتے ہی اپنے پر پھیلا کر ناچنا شروع کر دیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے اس کے خوشنما پر چھتری کی طرح پھیلے اور اپنے حسین ودلفریب نقش ونگار کے ساتھ ایک ایسا منظر پیش کرنے لگے جس کی صحیح اور مکمل تصویر الفاظ میں کھینچی ہی نہیں جا سکتی۔ اس وقت یوں لگ رہا تھا جیسے کسی نے بے شمار ہیرے تراش کر اس کی دم میں لگا دئے ہیں اور پروں کی جگہ مور کے جسم پر گہرے سبز، کالے، بھورے، سنہرے اور نیلے رنگ کی ایک چھوٹی قدس قزح نکل آئی ہے۔ کبھی ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس کے لمبے۔ لمبے ریشمی نیلگوں پروں میں ایک ساتھ درجنوں آنکھیں نکل آئی ہیں۔ جو پھٹی۔ پھٹی نظروں سے شاید اس لئے حیرت سے دیکھ رہی ہیں کہ چاروں طرف بکھرے قدرت کے جواب حُسن کو کس طرح سمیٹا جائے۔ خود مور پر بھی اس وقت ایک وجد کی کیفیت طاری۔ طاری تھی۔ اور پروں کو ساز کی طرح بجاتا ہوا جھوم۔ جھوم کر کبھی قدم آگے بڑھاتا تھا اور کبھی پیچھے اس وقت مور یہاں بھی نر مور کا دل بڑھانے کے لئے اس کے آس پاس آ گئی تھیں۔

(i) کسکے خوشنما پر چھتری کی طرح پھیلے ہوئے تھے؟ 1½

(ii) کس منظر کی تصویر الفاظ میں نہیں کھینچی جا سکتی؟ 2

(iii) مور کی دم میں قوس قزح نکل آئی ہے اس کا مطلب واضح کیجئے؟ 2

(iv) کس پر وجد کی کیفیت طاری تھی؟ 1½

سوال نمبر ۸ (الف): ۔جنگل کی ایک رات کے حوالے سے بھینس پر شیر کا حملہ اور بھینسوں کا ردِ عمل کی منظر کشی اپنے الفاظ میں کیجئے؟ 5

**یا**

سوال نمبر ۸ (ب) سیّد کے حساس کیا تھے جب وہ جنگل کی سیر کر رہا تھا اپنے الفاظ میں بیان کیجئے؟

سوال نمبر ۹: ۔مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے؟ 8

(i) نیلا مور کن۔ کن دیشوں میں پایا جاتا ہے؟

(ii) کتے کس آواز کو سن کر آپے سے باہر ہو گئے؟

(iii) زخمی بھینس جھونپڑیوں کے پاس کیوں گئی؟

(iv) ہاتھی نے جب بنگلے سے اپنے کو رگڑا تو کیا ہوا؟

سوال نمبر ۱۰:-سوالوں کے جواب دیجئے؟ 10

(i) ڈرامہ ہیروئن کی تلاش کے مصنف کا نام لکھیے؟

(ii) ڈرامہ ہیروئن کی تلاش میں کتنے کردار ہیں کم از کم پانچ کے نام لکھیے؟

(iii) مسز میرا مجھے تو آپ کی مستعدی پر تعجب ہوتا ہے کسنے کیا کہا۔ کس کے لئے کہا۔ کیوں کہا؟

(iv) ہیروئن کی تلاش ڈرامہ کتنے سین پر مشتمل ہے کسی ایک سین کے بارے میں کم از کم ۵۰ الفاظ میں لکھیے؟

سوال نمبر ۱۱:-ڈرامہ ہیروئن کی تلاش کے مصنف کی ڈرامہ نگاری کا تعین کیجئے؟ 10

*****